انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد

انسٹیٹیوٹ آف پروفیشنل ڈیویلپمنٹ (IPD)

انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد اسکولز (IIUI اسکولز)

# علم وادب (اردو کی درسی کتاب دوم)

| تقسیم نصاب برائے جماعت (دوم) | معیاد اول | معیاد دوم |
|---|---|---|
| کل ہفتے | ۱۶ (اگست تا دسمبر) | ۱۹ (جنوری تا مئی) |
| کل پیریڈ (ہفتہ وار مختص کردہ پیریڈ = ۷) | ۱۶ × ۷ = ۱۱۲ پیریڈ | ۱۹ × ۷ = ۱۳۳ پیریڈ |
| مختص کردہ وقت برائے اعادہ، جانچ | ۱ہفتہ (۷ پیریڈ) استاد اپنی ضرورت کے مطابق پہلے معیاد میں استعمال کریں گے۔ | ۱ہفتہ (۷ پیریڈ) استاد اپنی ضرورت کے مطابق دوسرے معیاد میں استعمال کریں گے۔ |
| مختص کردہ وقت برائے تدریسی تشخیص/ متوقع ناگہانی صورتحال | ۱ہفتہ (۷ پیریڈ) صرف معیاد کے آخر میں استعمال ہوگا۔ | ۱ہفتہ (۷ پیریڈ) صرف معیاد کے آخر میں استعمال ہوگا۔ |
| مختص کردہ وقت برائے تدریس | ۱۴ہفتے (۱۴ × ۷ = ۹۸ پیریڈ) | ۱۷ ہفتے (۱۷ × ۷ = ۱۱۹پیریڈ) |
| **نوٹ: اساتذہ کی رہنمائی کے ذرائع**<br>**رہنمائے استاد:** اساتذہ کی رہنمائی کے لیے رہنماے استاد میں ہر سبق کو شروع کرنے سے پہلے تمہیدی گفتگو دی گئی ہے جو استاد کو سبق کا مقصد سمجھانے میں مددگار ثابت ہوگی۔ کتاب میں دی گئی تمام مشقوں کے جوابات کے ساتھ ساتھ قواعد کو بہتر طور پر سمجھانے کے لیے تفصیلاً تمہید درج ہے۔ | ۱۔ حمد<br>۲۔ چڑیا گھر کی سیر<br>۳۔ میرا وطن<br>۴۔ حضرت عائشہؓ<br>۵۔ غرور کا انجام | ۹۔ نعت<br>۱۰۔ دودھ کا دودھ پانی کا پانی<br>۱۱۔ ریل کا سفر<br>۱۲۔ احسان کا بدلہ<br>۱۳۔ وقت کا گھوڑا<br>۱۴۔ قومی کھیل |

| معیارِ دوم | معیارِ اول | تقسیم نصاب برائے جماعت (دوم) |
|---|---|---|
| ۱۵۔ کتابیں ہماری دوست<br>۱۶۔ میجر عزیز بھٹی<br>۱۷۔ جانوروں پر رحم<br>۱۸۔ بچے کی دعا | ۶۔ ڈائری کا ایک ورق<br>۷۔ سچ کہو<br>۸۔ ذہین لڑکا | www.learningwell.pk<br>اوپر دی گئی ویب سائٹ میں اساتذہ کے لیے وڈیو کی شکل میں سبق کو پڑھانے اور سمجھانے کا مکمل طریقہ تدریس موجود ہے جو کہ اساتذہ کے ساتھ ساتھ طالب علموں کے لیے بھی سبق کو سمجھنے میں مددگار ثابت ہوگا۔ |

## معیاد اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### پہلا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | | | تعارف | استاد اور طلباء کا تعارف | استاد اپنا تعارف کرائے اور جماعت کے ہر طالب علم سے اس کا نام اور اس کے بارے میں ایک دو اور سوالات کرے | |
| ۲ | | | کام کرنے کے اصول | جماعت میں کام کرنے کا طریقہ کار | استاد طلباء کو اپنی تدریسی طریقہ کار سمجھائے۔ | |
| ۳ | | | تجزیاتی ورک شیٹ | پچھلی جماعتوں میں کیے گئے کام کی جانچ | ورک شیٹ کے ذریعے پچھلی جماعتوں کی پڑھائی کی جانچ کی جائے۔ | |
| ۴ | ۱ | ۱ | حمد | طلباء کو آگاہی دینا کہ اللہ نے دنیا میں ہر چیز ہمارے فائدے کے لیے بنائی ہے اور ہمیں ہر حال میں اس کا شکر ادا کرنا چاہیے۔ | لفظ ''اللہ'' تختہ تحریر پر لکھا جائے گا اور تمام طلبہ سے کہا جائے گا کہ ''اللہ تعالیٰ'' کے بارے میں دو دو جملے لکھیں یا سوچیں۔ ۵ منٹ بعد تمام طلبہ سے پوچھا جائے گا کہ بچے اپنے ساتھ بیٹھے ہوئے طالب علم کو اپنے نکات بتائیں اس کے بعد معلّمہ ایک کل جماعتی گفتگو میں طلبہ سے ان کے لکھے ہوئے نکات پوچھیں گی لیکن اس طرح کہ ہر بچہ اپنے جوڑی دار یا جو اس کے ساتھ بیٹھا ہو اس کے نکات بتائے گا۔ اس طرح سب بچے ایک دوسرے کے نکات بتائیں گے۔ | |
| ۵ | | | | حمد کی تشریح | ۱ا استاد حمد کے ایک ایک شعر کو با آواز بلند پڑھے اور اس کی تشریح سمجھائے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | بچے اس حمد کو گھر سے پڑھ کر آئیں تا کہ حمد ان کو با آسانی یاد ہو سکے |
| ٦ | | ۲ | مشق ا | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | حمد کو زبانی یاد کریں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیارِ اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### دوسرا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱ | ۲ | مشق ۲ | ہم آواز الفاظ بنانا | بچے استاد کی مدد سے حمد سے ہم آواز الفاظ تلاش کر کے لکھیں | |
| ۲ | | | مشق ۳ | الفاظ کے معنیٰ لکھنا | دیے گئے الفاظ کے معنیٰ لکھیں | کسی بھی رسالے یا کتاب سے یا انٹرنیٹ کی مدد سے ایک ''حمد'' اپنی کاپی پر لکھ کر لائیے: |
| ۳ | | | سرگرمی | اللہ کی نعمتوں کے بارے میں جاننا | اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی تمام نعمتوں میں سے کسی بھی ایک نعمت کے بارے میں لکھیے اور تصویر بھی بنائیے۔<br>طلبہ کو ایک ایک پرچہ دیا جائے یا کاپی میں ہی یہ کام کروایا جائے۔ | |
| ۴ | | ۴ | مشق ۴ | مصرعے مکمل کروانا | بچوں سے دی گئی حمد سے مصرعے مکمل کروائیں | مشق ۵ گھر سے کر کے لانے کو دی جائے |
| ۵ | | ۲ | نئے الفاظ | نئے الفاظ کی پہچان | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں | |
| ۶ | | ۶۰ | فرہنگ | نئے الفاظ کے معنیٰ یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیارِ اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### تیسرا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۴۸ | چڑیا گھر کی سیر | کراچی کے تفریحی مقام چڑیا گھر کے بارے میں جاننا۔ چڑیا گھر میں موجود جانوروں سے آگاہ ہونا۔ | معلّمہ طلبہ کو کمپیوٹر یا چارٹ پیپر کی مدد سے کو کراچی کے مختلف تفریحی مقامات کی تصاویر دکھائیں گی اور طلبہ سے پوچھیں گی کہ یہ کن مقامات کی تصاویر ہیں؟ طلبہ اگر پہچان جائیں گے تو ان جگہوں کے نام بتائیں گے معلّمہ ان کی رہنمائی کرتی جائیں گی اور ساتھ ساتھ ان مقامات کے بارے میں ایک یا دو جملے بھی بتاتی جائیں گی۔ | |
| ۲ | | | | بلند خوانی | استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | |
| ۳ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | سبق میں جن جانوروں کے بارے میں پڑھا ہے ان کی تصاویر چسپاں کر کے ایک چارٹ بنائیں |
| ۴ | | | سرگرمی | چڑیا گھر میں موجود جانوروں سے آگاہ ہونا | طلبہ کو یوٹیوب میں موجود چڑیا گھر کی ویڈیو دکھائی جاسکتی ہے۔ ملٹی میڈیا کا استعمال کیا جاسکتا ہے تاکہ طلبہ کو اچھی طرح واضح ہو جائے۔ | |
| ۵ | | ۴۹ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | مشق ۲،۳ گھر سے کر کے لانے کو دی جائے |
| ۶ | | ۵۰ | مشق ۴،۵ | مذکر مونث کی پہچان | دی گئی مشق کروائیں | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیارِ اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### چوتھا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۲ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۴،۳ | | ۵۱ | مشق ۶ | سوالیہ جملے کی پہچان | سب سے پہلے معلّمہ تختہ تحریر پر سوالیہ نشان بنائے (؟) اور طلبہ سے پوچھے کہ یہ کب لگایا جاتا ہے؟ طلبہ بتائیں گے کہ جب ہم کوئی سوال پوچھتے ہیں اگر نہ بتا سکیں تو معلّمہ خود بتائیں۔اس کے بعد معلّمہ پوچھیں کہ جب ہم سوال پوچھتے ہیں تو کن الفاظ کا استعمال کرتے ہیں یا کس طرح پوچھتے ہیں؟ طلبہ اپنی رائے دیں گے۔اس کے بعد معلّمہ بتائیں گی کہ جب ہم سوال پوچھتے ہیں تو کیا، کیوں، کب، اور کیسے وغیرہ کا استعمال کرتے ہیں؟ ایسے جملوں کو سوالیہ جملے کہتے ہیں۔آج ہم سادہ جملوں میں ''کیا'' لگا کر سوالیہ جملے بنائیں گے | سوالات کے جوابات لکھ کر لائیں۔<br>۱۔ چڑیا گھر پہنچتے ہی بچے سب سے پہلے کہاں گئے؟<br>۲۔ چڑیا گھر میں جو میدان تھا اس میں کیا تھا؟<br>۱ |
| ۵ | | ۴۹ | نئے الفاظ | نئے الفاظ کی پہچان | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں | |
| ۶ | | ۶۱ | فرہنگ | نئے الفاظ کے معنیٰ یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیارِ اوّل (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### پانچواں ہفتہ

| گھر کا کام | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | تدریسی مقصد | عنوان | صفحہ نمبر | سبق نمبر | پیریڈ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | طلبہ کو سب سے پہلے ایک ملی نغمہ سنایا جائے جو طلبہ کو آسانی سے سمجھ آجائے اور طلبہ اس نغمے کو سن کر خوش ہوں۔ نغمہ سنانے کے بعد طلبہ سے اس پر رائے لی جائے اور ان سے پوچھا جائے کہ اس نغمے میں کیا بتایا گیا ہے۔ اس کے بعد معلّمہ بچوں سے پوچھیں گی کہ آپ اپنے وطن سے کتنا پیار کرتے ہیں اور اس کے لیے آپ بڑے ہو کر کیا کرنا چاہتے ہیں؟ | وطن کے بارے میں معلومات دینا | میرا وطن | ۷ | ۳ | ۱ |
| | استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | بلند خوانی | | | | ۲ |
| | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | سبق کی پڑھائی | | | | ۳ |
| مشق ۲ گھر سے کر کے لانے کو دی جائے | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | سوالات کے جوابات | مشق ۱ | ۵۱ | | ۴ |
| | بچوں نے سبق میں پاکستان کے بارے میں جانا اب ان معلومات کے ذریعے کالم ملائیے | کالم ملانا | مشق ۳ | ۹ | | ۵ |
| سوال جواب یاد کریں | استاد ایک ہاتھ میں ایک اور دوسرے ہاتھ میں دو یا زائد کتابیں پکڑیں اور بچوں سے پوچھیں یہ کیا ہے۔ بچّے خود بتائیں گے جس ہاتھ میں ایک کتاب ہو گی اس کو کہیں گے کہ یہ ایک کتاب ہے اور جس ہاتھ میں زیادہ ہوں گی اس کو کہیں گے کہ یہ زیادہ ہیں اور کتاب کی جگہ کتابیں کہیں گے۔ اسی طرح طلبہ کو موضوع کی طرف لاتے ہوئے بتایا جائے گا کہ کسی بھی ایک چیز کو واحد کہتے ہیں اور دو یا دو سے زیادہ چیزوں کو جمع کہتے ہیں۔ اس کے بعد مشق کروائیں | واحد جمع کی پہچان مشق ۴ | مشق ۴ | | | ۶ |
| | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | | انشاء پردازی | | | ۷ |

## معیارِ اوّل (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### چھٹا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱،۲ | ۳ | ۱۰ | مشق ۵ | واحد جمع کی یاد دہانی | طلبہ میں فلیش کارڈ تقسیم کیے جا سکتے ہیں۔ایک پر واحد ہو ایک پر جمع ہو اس طرح چند واحد الفاظ اور ان کے جمع کے فلیش کارڈ بنوائے جائیں اور طلبہ میں تقسیم کیے جائیں۔ جماعت کو دو گروپ میں بٹھایا جائے ایک گروپ کے بچوّں کے پاس واحد الفاظ کے فلیش کارڈ ہوں اور دوسرے گروپ کے بچوّں کے پاس جمع کے فلیش کارڈ ہوں۔اس طرح ایک گروپ سے بچہّ واحد بولے اور دوسرے گروپ سے ایک بچہّ اس کی جمع بتائے۔تمام طلبہ کو ہدایت دی جائے گی کہ وہ ان فلیش کارڈ پر لکھے الفاظ پر نظر رکھیں۔دی گئی مشق کروائیں<br>کتاب کے علاوہ مزید الفاظ کے فلیش کارڈ بھی بنائے جائیں | مشق ۶،۷ گھر سے کر کے لانے کو دی جائے |
| ۳ | | ۸ | نئے الفاظ | نئے الفاظ کی پہچان | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں | |
| ۴ | | ۶۰ | فرہنگ | نئے الفاظ کے معنیٰ یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۵ | ۴ | ۱۱ | حضرت عائشہؓ | دین اسلام میں حضرت عائشہؓ کے مقام و مرتبے سے واقفیت | سب سے پہلے تختۂ تحریر پر معلّمہ چند اشارات لکھیں گی مثلاً حضرت محمد ﷺ کی بیوی/زوجہ، حضرت ابوبکر صدیقؓ کی بیٹی، ام المومنین، طلبہ سے پوچھا جائے گا کہ کون سا نام آپ کے ذہن میں آرہا ہے۔یہ کن خاتون کی طرف اشارہ ہے؟ اگر طلبہ کو بوجھنے میں پریشانی ہو تو معلّمہ ان کو مزید بتائیں گی کہ وہ آپ ﷺ کی چہیتی بیوی تھیں۔ | |
| ۶ | | | | بلند خوانی | استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

# معیارِ اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## ساتواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۴ | ۱۱ | حضرت عائشہؓ | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | |
| ۲ | | | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | مشق ۲ گھر سے کر کے لائیں |
| ۳ | | | سرگرمی | املا | خوشخطی کے لیے املا کروایا جانا چاہیے۔ تختہ تحریر پر املا کے الفاظ لکھ کر پڑھوایئے۔<br>تحریر کردہ الفاظ کا ہی املا لیا جائے گا، لیکن بولتے وقت الفاظ کی ترتیب بدلی جائے گی۔ مثلاً تختہ تحریر پر جو لفظ سب سے آخر میں لکھا ہے اسے پہلے بولا جائے۔ بچّے تختہ تحریر سے دیکھ کر لکھ سکتے ہیں۔ (اس طرح بچّوں کی پڑھائی کی جانچ بھی کی جاسکتی ہے کہ وہی بچہّ لکھ پائے گا جسے پڑھنا آتا ہے۔) یا<br>• تختہ تحریر پر املا کے الفاظ لکھ کر پڑھوایئے۔ جب تمام الفاظ پڑھے جا چکے ہوں تو ان الفاظ کو مٹا دیجیے اور پھر املا لیجیے۔ | |
| ۴ | | | مشق ۳ | خالی جگہ بھرنا | دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پر کریں | امشق ۴ گھر س کر کے لائیں |
| ۵ | | ۱۲ | نئے الفاظ | نئے الفاظ کی پہچان | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں | |
| ۶ | | ۶۰ | فرہنگ | نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیارِ اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### آٹھواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۲ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۳ | ۵ | ۱۴ | غرور کا انجام | بچوں کو آگاہ کرنا کہ اللہ کی بنائی ہوئی کوئی چیز بے کار نہیں اور غرور کرنا بری عادت ہے<br>بلند خوانی | استاد طلبہ سے پوچھیں کہ اچھی عادتوں اور بری عادتوں کا فرق بتائیے؟ اللہ تعالیٰ کن عادتوں کو پسند کرتا ہے اور کن عادتوں کو ناپسند کرتا ہے؟ طلبہ اچھی اور بری عادتوں کے بارے میں بتائیں گے۔ معلّمہ طلبہ کی رائے کو تختۂ تحریر پر لکھیں گی اور اچھی اور بری عادتوں کو الگ الگ کالموں میں لکھیں گی۔<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | |
| ۴ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | بچے گھر سے اپنی پسند کی کہانی یاد کر کے آئیں |
| ۵ | | ۱۵ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | مشق ۲ گھر سے کر کے لائیں |
| ۶ | ۵۷ | | سرگرمی | کہانی بنانا اور جملہ سازی کی مشق | استاد طلبہ کے ساتھ مل کر ایک زبانی کہانی بنائیں۔ طریقہ کچھ اس طرح سے ہوگا کہ کہانی کا پہلا جملہ استاد شروع کریں گی یعنی ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک بچہ جس کا نام علی تھا وہ بہت خوبصورت تھا، یا بہت اچھا پڑھتا تھا کچھ بھی کہہ سکتی ہیں۔ اس کے بعد ہر بچہ اس میں باری باری اپنا فقرہ جوڑے گا جو اس کے ذہن میں آتا ہو اور اس طرح ہوتے ہوتے یہ کہانی مکمل ہو جائے گی۔ کہانی کسی بھی عنوان پر ہو سکتی ہے۔ اس سرگرمی سے طلبہ کو بہت مزا آئے گا اور جملہ سازی کی مشق بھی ہو جائے گی۔ | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں | |

## معیار اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### نواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام؛ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱-۲ | ۵ | ۱۵-۱۶ | مشق ۳ | صفت کی پہچان سرگرمی | طلبہ سے ایک دن پہلے اپنا کوئی پسندیدہ کھلونا یا کوئی چیز لانے کے لیے کہا جائے گا۔ اور طلبہ سے کہا جائے گا کہ وہ اس کھلونے یا چیز کے بارے میں بتائیں۔ ہر بچہ اپنی لائی ہوئی چیز کے بارے میں بتائے گا۔ ہر بچے کو دو دو منٹ دیئے جائیں گے کہ وہ اس کھلونے کی خصوصیات بتائے۔ اپنی کوئی ایک چیز ہاتھ میں لے کر طلبہ سے اس کے بارے میں پوچھیں گی۔ طلبہ اس چیز کے بارے میں مختلف رائے دیں گے کہ یہ کیسی ہے کس کام آتی ہے۔ یہ اچھی ہے۔ لال رنگ کی ہے خوبصورت ہے۔ وغیرہ وغیرہ طلبہ کے بتائے جملوں کو تختہ سفید پر لکھا جائے گا۔ آخر میں معلّمہ ان لکھے ہوئے جملوں میں سے ان الفاظ کو خط کشید کریں گی جو اس چیز کے بارے میں بتا رہا ہو کہ یہ کیسی ہے یا اس کی خصوصیت بتا رہا ہو۔<br>دی گئی مشق کروائیں | سوالات کے جوابات لکھیں<br>۱۔ بارہ سنگھا کو اپنی کون سی چیز پر افسوس تھا؟<br>۲۔ بارہ سنگھا جب اپنی جان بچانے کے لیے بھاگا تو کس چیز میں اٹکا؟ |
| ۳ | | ۱۶ | مشق ۴-۵ | جملے مکمل کرنا / منفی جملے کی پہچان | 'ہے اور ہیں' لگا کر جملے مکمل کروائیں۔ دی گئی ہدایات کو سمجھائیں اور منفی جملے بنوائیں | |
| ۴ | | | سرگرمی | تصویری کہانی | طلباء کو تین گرہوں مہں تقسیم کریں پھر ان کو ایک تسویر دکھائیں اور ہر گروہ کو اس سے کہانی بنانے کو کہیں۔ ہر گروہ سے اس کی کہانی سنیں۔ | |
| ۵ | | ۱۵ | نئے الفاظ | نئے الفاظ کی پہچان | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں | |
| ۶ | | ۶۰ | فرہنگ | نئے الفاظ کے معنیٰ یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں | |

# معیارِ اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## دسواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۶ | ۱۷ | ڈائری کا ایک ورق | ڈائری لکھنے کی عادت ڈلوانا<br>بلند خوانی | استاد طلباء کو ایک ڈائری دکھائے اور پوچھے یہ کیا ہے۔ آپ کے گھر میں کس کس کے پاس ڈائری ہے اور وہ اس کو کس کام میں لاتے ہیں۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ ڈائری کیسے لکھتے ہیں؟ آج آپ کو بتائیں گے کہ ڈائری کیسے لکھی جاتی ہے۔<br>ستاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | |
| ۲ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | بچے گھر میں دیکھیں کہ کس کس کے پاس ڈائری ہے اور وہ اس کو کس استعمال میں لاتے ہیں۔ |
| ۳ | | ۱۸ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | |
| ۴۔۵ | | | سرگرمی | ڈائری لکھنے کا طریقہ بتانا | طلبہ سے مختلف رنگوں کے کمپیوٹر پیپرز منگوائے جائیں کم از کم تین یا چار اور ان کمپیوٹر پیپرز کے چار حصے کیے جائیں اور ان تمام صفحات کو جوڑ لیا جائے اسطرح ایک ڈائری بنوائی جائے۔ یا تو ان صفحات کو اسٹیپلر کر لیا جائے یا انہیں ٹیپ سے جوڑا جائے۔ اور اس کے سرورق کو سجایا بھی جا سکتا استاد کی رہنمائی اور معاونت شامل رہے گی۔<br>☆ طلبہ اس ڈائری میں اپنے روز کا معمول یا روزنامچہ لکھیں۔ جتنے صفحات ہیں جب یہ صفحات مکمل ہو جائیں تو جماعت میں لا کر سب کے سامنے پیش کیا جائے۔ جو بچہ لائے اس کو شاباش دی جائے اور اس سے پڑھوا کر بھی دیکھا جائے۔ | |
| ۶ | | ۱۸۔۱۹ | مشق ۲،۳ | کالم ملانا/خوش خطی | کالم ملا کر جملے مکمل کروائیں اور دیے گئے الفاظ کو خوش خط لکھیں | سوالات کے جوابات یاد کر کے آئیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیارِ اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### گیارھواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱-۲ | ۶ | ۱۹ | مشق ۴ قواعد | زمانے کی قسموں کی پہچان | استاد بچوں کو اپنے متعلق ایک چھوٹا سا واقعہ سنائیں گی جس میں تینوں زمانوں کا استعمال ہو مثلاً<br>"میں صبح اسکول پہنچی تو مجھے سر میں درد محسوس ہوا میں نے فوراً دوائی کھائی۔ اب میں کافی بہتر ہوں اور اسی لیے آپ کو پڑھا رہی ہوں۔ چھٹی کے بعد گھر جاؤں گی تو آرام کروں گی۔ استاد طلباء کو بتائے کہ جو زمانہ گزر جاتا ہے وہ ماضی ہوتا ہے اور اس میں تھا۔ تھی۔ تھے کا استعمال ہوتا ہے۔ اسی طرح جو زمانہ چل رہا ہوتا ہے وہ حال ہوتا ہے اس میں ہے۔ ہوں۔ ہیں کا استعمال ہوتا ہے۔ اور جو زمانہ آنے والا ہوتا ہے وہ مستقبل کہلاتا ہے اس میں گا۔ گی۔ گے کا استعمال ہوتا ہے۔ | اپنے ایک دن کا روزنامچہ کاپی میں لکھ کر لائیے۔ آج کے دن کے معمولات کو لکھ کر لائیے |
| ۳ | | ۱۸ | نئے الفاظ | نئے الفاظ کی پہچان | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں | |
| ۴ | | ۶۰ | فرہنگ | نئے الفاظ کے معنیٰ یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۵ | ۷ | ۲۰ | سچ کہو | سچ کی عادت اپنانا | بچوں کو کوئی کہانی سنائیں جس میں سچ کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا ہو۔<br>یہ کہانی کمپیوٹر پر بھی دکھائی جا سکتی ہے یا اسی عنوان کے تحت کوئی کارٹون یا تصویری کہانی وغیرہ۔ | والدین کی رہنمائی میں کسی اخبار یا بچوں کے رسالے سے سچ کے موضوع پر کوئی اور نظم کاٹ کر چسپاں کریں |
| ۶ | | | | نظم کی تشریح | استاد نظم کے ایک ایک شعر کو باآواز بلند پڑھے اور اس کی تشریح سمجھائے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

# معیارِ اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## بارہواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۲ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۳ | ۷ | ۲۰ | سچ کہو | نظم کو زبانی یاد کروانا | استاد بچوں سے نظم کی بلند خوانی کروائے تاکہ نظم ان کو زبانی یاد ہو جائے۔ | |
| ۴ | | ۲۱ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | |
| ۵ | | | سرگرمی | واقعہ بیان کرنا | طلبہ کو گروپ میں بٹھایا جائے گا اور ان سے کہا جائے گا کہ وہ اپنے اپنے واقعات ایک دوسرے کو بتائیں جب انہوں نے اپنی امی یا ابو یا کسی سے بھی سچ کہا ہو اور ان کو بہت خوشی ہوئی ہو یا جھوٹ بولا ہو تو ان کے گھر والے ان سے ناراض ہوئے ہوں یا غصہ کیا ہو؟ ☆ طلبہ اپنے اپنے تجربات ایک دوسرے کو بتائیں گے۔ | مشق ۲ گھر سے کر کے لائیں |
| ۶ | | | مشق ۳-۴ | ہم آواز الفاظ اور جملے بنانا | دی گئی مشقیں کروائیں | سچ بولنے کے کوئی تین فوائد لکھیے۔ |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

# معیارِ اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## تیرہواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | | ۲۱ | نئے الفاظ | نئے الفاظ کی پہچان | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں | |
| ۲ | | ۶۰ | فرہنگ | نئے الفاظ کے معنیٰ یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۳ | ۸ | ۲۲ | ذہین لڑکا | ذہانت اور عقل کا استعمال کرنا | طلبہ کو یوٹیوب کی مدد سے بندروں کی حرکات پر مبنی کوئی ایسی ویڈیو دکھائی جا سکتی ہے جس سے اندازہ ہو کہ وہ کیا خصوصیات رکھتے ہیں۔☆ ویڈیو دکھانے سے طلبہ کی دلچسپی بھی بڑھے گی اور انہیں بندروں کی حرکات کا بخوبی اندازہ ہوگا۔<br>اس کے بعد استاد طلبہ کو ذہانت اور عقلمندی کے بارے میں بتائیں گی کہ جو کام ذہانت اور عقل مندی سے کیا جائے وہ کام صحیح طریقے سے ہوتا ہے اور اس کام میں کامیابی ملتی ہے یعنی ہمیں ہر کام میں اپنی عقل استعمال کرنی چاہیے اور سوچ سمجھ کر کرنا چاہیے | س کہانی میں احمد کا کردار آپ کو کیسا لگا؟ بچے اس کا جواب یاد کر کے آئیں |
| ۴ | | | | بلند خوانی | استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | |
| ۵ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | ا |
| ۶ | | ۲۳ | مشق ۱۔۲ | سوالات کے جوابات<br>خالی جگہ بھرنا | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>سبق کے مطابق خالی جگہ بھریں | مشق ۳ گھر سے کر کے لائیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیادِاول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### چودھواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۔۲ | | ۲۴ | مشق ۴ | الٹ الفاظ بنانا | طلبہ کو چند تصاویر دکھائی جا سکتی ہیں جیسے کسی لمبے لڑکے کی اور ایک چھوٹے لڑکے کی، صاف اور گندی جگہ کی، اندھیرا اور روشنی کی، کالا اور سفید (تصاویر کمپیوٹر یا پروجیکٹر یا پھر چارٹ پیپر پر دکھائی جا سکتی ہیں)۔ لوپ کارڈ بنوائے جا سکتے ہیں اس میں ایک لفظ کی ضد ہو اور ایک لفظ ہو یعنی بچہ ایک جواب بتائے گا اور ایک لفظ کی ضد پوچھے گا۔ ہر لوپ کارڈ پر دو دو الفاظ لکھے ہوں۔ ایک کارڈ معلّمہ اپنے پاس بھی رکھیں۔ لوپ کارڈ چھوٹے سے کارڈ ہوں گے جس پر دو الفاظ لکھے ہوں مثلاً صبح کالا۔ اب کسی بچے کے پاس صبح کی ضد والا کارڈ ہوگا تو وہ بتائے گا اور ساتھ ہی جو لفظ لکھا ہوگا وہ بتائے گا۔ جیسے شام ۔ موٹا | سوالات کے جوابات یاد کر کے آئیں |
| ۳ | | | مشق ۵،۶ | جمع اور ہم معنیٰ الفاظ | 'اں' لگا کر جمع بنائیں اور دیے گئے الفاظ کو ان کے ہم معنیٰ الفاظ سے ملائیں | تین نئے ہم معنیٰ الفاظ بنا کے لائیں |
| ۴ | | | اظہارِ رائے | کہانی سے حاصل کردہ سبق کو جاننا | بچوں سے پوچھیں کہ اگر وہ احمد کی جگہ ہوتے تو کیا کرتے اور کس طرح سے شریر بندروں سے چھٹکارا حاصل کرتے | |
| ۵ | | ۲۳ | نئے الفاظ | نئے الفاظ کی پہچان | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں | |
| ۶ | | ۶۰ | فرہنگ | نئے الفاظ کے معنیٰ یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاد اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### پندرھواں، سولھواں ہفتہ

| عنوانات | مقاصد تدریس | طریقہ تدریس |
|---|---|---|
| اعادہ | امتحان کی تیاری | ورک شیٹس بنا کر اعادہ کروائیں |

## معیار دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### پہلا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۹ | ۴ | نعت | حضور اکرم ﷺ کے دنیا میں آنے کا مقصد بچوں کو بتائیں | طلبہ سے موضوع کے حوالے چند سوالات کئے جائیں اور ان کی سابقہ معلومات جانچی جائیں مثلاً اللہ کے سب سے پیارے بندے کون ہیں؟ ۲۔ اللہ تعالیٰ نے ہمارے پیارے نبیؐ کو اس دنیا میں کیوں بھیجا؟ ۳۔ ہمارے پیارے نبیؐ نے ہمیں کیا سکھایا ہے یا کیا تعلیم دی؟ | |
| ۲ | | | | نعت کی تشریح | استاد حمد کے ایک ایک شعر کو با آواز بلند پڑھے اور اس کی تشریح سمجھائے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | جو نعتیں آپ کو پسند ہوں ان کے نعت خواہوں کے نام یاد کر کے آئیں |
| ۳ | | | | بلند خوانی | استاد بچوں سے نعت کی بلند خوانی کروائے تا کہ نظم ان کو زبانی یاد ہو جائے۔ | |
| ۴ | | ۵ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | مشق ۲ ۳ گھر سے کر کے لائیں |
| ۵ | | | سرگرمی | نعت پڑھنا | طلبہ کو ایک مشہور نعت آڈیو پر سنوائی جائے گی۔ (موبائل پر بھی سنوائی جا سکتی ہے) نعت ایسی ہو جو طلبہ نے سنی ہو اور طلبہ کی دلچسپی کے مطابق ہو۔ اگر ممکن ہو جماعت میں طلبہ سے بھی سنی جا سکتی ہے جو اچھی پڑھتے ہوں اس طرح ان کی حوصلہ افزائی بھی ہو جائے گی۔ | |
| ۶ | | ۶ | مشق ۴ ۔۵ | اعراب کی پہچان | زبر اور الف والے لفاظ کا واضح فرق بچوں کو سمجھائیں اور ان کی صحیح آواز نکال کر بتائیں<br>زیر اوری والے لفاظ کا واضح فرق بچوں کو سمجھائیں اور ان کی صحیح آواز نکال کر بتائیں | درود شریف زبانی یاد کیجیے |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیار دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### دوسرا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۹ | ۶ | مشق ۶ | 'ذ' اور 'ڈ' کو ملا کر لکھنے کی پہچان | بچوں کو بتائیں کہ 'ذ' اور 'ڈ' کو جب کسی دوسرے حروف کے ساتھ ملا کر لکھا جاتا ہے تو وہ اپنی شکل تبدیل کر لیتے ہیں، جیسے ح+د=حد | نعت کو بغور پڑھیے اور بتائیے کہ آپ ﷺ کی کن خوبیوں کا ذکر کیا گیا ہے؟ |
| ۲ | | ۵ | نئے الفاظ | نئے الفاظ کی پہچان | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں | نعت کو یاد کر کے آئیں |
| ۳ | | ۶۰ | فرہنگ | نئے الفاظ کے معنیٰ یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۴ | ۱۰ | ۲۵ | دودھ کا دودھ پانی کا پانی | ایمانداری اور بے ایمانی کا فرق جاننا | سب سے پہلے معلّمہ ایک جملہ تختہ تحریر پر لکھیں گی اور طلبہ سے رائے لیں گی مثلاً ''جیسی کرنی ویسی بھرنی'' طلبہ سے اس فقرے کا مطلب بتانے کے لیے کہا جائے گا طلبہ کو سوچنے کا موقع دیا جائے گا اس کے بعد معلّمہ خود بتائیں گی کہ اس کا مطلب ہے کہ جو جیسا کرتا ہے اس کے ساتھ بھی ویسا ہی ہوتا ہے اگر کوئی اچھا کام کرتا ہے تو اس کے ساتھ بھی اچھا ہوتا ہے اور جو کوئی کسی کے ساتھ برا کرتا ہے یا کسی کو دکھ دیتا ہے وہ بھی ساری زندگی پریشان رہتا ہے۔<br>اس کے بعد استاد بچوں کو بتائے کہ یہ ایک کہاوت ہے۔ کہاوت ایسی کہانی یا واقعہ ہوتا ہے جو لوگوں کے لیے مثال ہو اور جس سے لوگ سبق حاصل کریں۔ یہ ضرب المثل ہوتی ہے۔ | |
| ۵ | | | | بلند خوانی | استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | |
| ۶ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | مشکل الفاظ یاد کر کے آئیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

# معیار دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## تیسرا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۔۲ | ۱۰ | | سرگرمی | مکالمہ نگاری | طلبہ کے گروپ بنوائے جائین اور اس کہانی پر طلبہ سے رول پلے کروایا جائے۔ایک بچہ گوالا بن جائے۔باقی شرارتی بچے بن جائیں اور اس کو ایک ڈرامائی شکل دی جائے۔معلّمہ کی معاونت اور رہنمائی شامل رہے۔طلبہ کو سمجھایا جائے کہ کیسے رول پلے کرنا ہے۔جو گروپ سب سے اچھا کرے اس کے لیے تالیاں بجوائی جائیں۔ | |
| ۳ | | ۲۶ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | مشق ۲۔۳ گھر سے کر کے لائیں |
| ۴ | | | سرگرمی | کہانی سمجھنا اور بیان کرنا | یوٹیوب سے مدد لے کر کوئی ایک کہانی کمپیوٹر یا ملٹی میڈیا پر دکھائی جا سکتی ہے جو ایمانداری کے اوپر ہو۔ | مشق ۴ گھر سے کر کے لائیں |
| ۵ | | ۲۷ | مشق ۵ | اعراب کی پہچان | دی گئی قواعد سمجھائیں اور مشق کروائیں | |
| ۶ | | | مشق ۶ | مذکر مونث کی پہچان | کمرہ جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کیا جائے گا۔ایک گروہ کو مذکر الفاظ پر مشتمل پرچیاں دی جائیں گی۔دوسرے گروہ کو مؤنث الفاظ پر مشتمل پرچیاں دی جائیں گی۔☆تختہ تحریر پر ایک چارٹ آویزاں کیا جائے گا جس پر صرف "مذکر" اور "مؤنث" کے خانے بنے ہوں گے۔گروہ نمبر ۱ کا طالبعلم اپنی پرچی پر سے مذکر لفظ پڑھ کر مذکر کے خانے میں چسپاں کر دے گا۔گروہ نمبر ۲ میں جس طالبعلم کے پاس اس مذکر کی مؤنث والی پرچی ہو گی وہ مؤنث کے خانے میں پرچی چسپاں کر دے گا۔اس طرح مذکر مؤنث کا اعادہ کیا جائے گا۔(طلبہ کی استعداد کے لحاظ سے مذکر مونث کی سرگرمی کروائی جائے گی وہ الفاظ بھی لیے جا سکتے ہیں جو طلبہ جماعت اول میں پڑھ کے آ چکے ہوں) | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

# معیار دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## چوتھا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۲ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۳ | | ۲۶ | نئے الفاظ | نئے الفاظ کی پہچان | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں | سوالات کے جوابات لکھ کر لائیں۔<br>ا۔گوالا کیا کرتا تھا؟<br>۲۔گوالے نے راستے میں کیا سوچا؟<br>۳۔گوالا کیوں چیخ و پکار کر رہا تھا؟ |
| ۴ | | ۶۰ | فرہنگ | نئے الفاظ کے معنیٰ یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۵ | ۱۱ | ۲۸۔۲۹ | ریل گاڑی کا سفر | ریل گاڑی سفر کا اہم ذریعہ | طلباء کو ذرائع آمدورفت میں استعمال ہونے والی مختلف سواریوں کی تصاویر دکھائی جائیں اور ان سے پوچھا جائے وہ ان میں سے کس کس میں سفر کر چکے ہیں۔اس کے بعد کچھ سوالات کریں مثلاً کیا آپ نے کبھی کراچی سے باہر سفر کیا ہے؟ کون سی سواری سب سے اچھی لگی اور کیوں؟ کیا آپ کو معلوم ہے،ہم آج کس سواری کے بارے میں پڑھنے والے ہیں؟ | |
| ۶ | | | | بلند خوانی | استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | مختلف سواریوں کی تصاویر چسپاں کر کے چارٹ بنائیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیار دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### پانچواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۱ | ۲۸۔۲۹ | ریل گاڑی کا سفر | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | |
| ۲ | | ۲۹ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | |
| ۳ | | ۳۰ | مشق ۲ | خالی جگہ بھرنا | سبق کی مدد سے خالی جگہ پر کریں | مشق ۳ کر کے لائیں |
| ۴ ۔۵ | | | سرگرمی | پاکستان کے مشہور شہروں کے نام یاد کرنا<br>دورانِ سفر نظر آنے والی چیزوں کی یاد دہانی | کتاب میں دی گئی دونوں سرگرمیاں بچوں سے کلاس میں کروائیں | |
| ۶ | | ۳۱ | مشق ۴۔۵ | خالی جگہ بھرنا<br>خوش خطی | دیے گئے الفاظ سے خالی جگہ بھریں<br>دیے گئے الفاظ کو خوش خط لکھیے | پنی پسندیدہ سواری کے بارے میں چار جملے لکھیے: تصویر بھی بنائیے: یا چپکائیے |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

# معیار دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## چھٹا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | | ۲۹ | نئے الفاظ | نئے الفاظ کی پہچان | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں | مشق ا کے جوابات یاد کر کے آئیں |
| ۲ | | ۶۰ | فرہنگ | نئے الفاظ کے معنیٰ یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۳ | ۱۱۲ | ۳۲ | احسان کا بدلہ | کسی کا احسان نہ بھولنا اور احسان کا بدلہ بھلائی سے دینا | طلبہ سے چند سوالات کریں گی مثلاً کیا آپ نے کبھی ضرورت پڑنے پر کسی کی مدد کی ہے؟ یا کسی کا کوئی کام کیا ہے؟ یا کسی کی پریشانی میں اس کا ساتھ دیا ہے؟ یا کسی کی مشکل دور کی ہے؟ کوئی مجبور ہو تو آپ نے اس کے ساتھ بھلائی کی ہے؟ یا اگر کوئی تکلیف میں ہو تو آپ نے اس کو آرام دیا ہے؟ کہ آپ نے کبھی اپنے دوست کی مدد کی ہو اس کی پریشانی میں اس کا ساتھ دیا ہو۔ کبھی وہ لنچ نہ لایا ہو تو آپ نے اپنا لنچ دیا ہو یا کبھی اپنی پنسل دی ہو وغیرہ۔ | |
| ۴ | | | | بلند خوانی | استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | |
| ۵ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے پڑھائی فلیش کارڈز کی مدد سے بھی کروائی جا سکتی ہے جیسا کہ استاد پہلے سے سبق کے مشکل الفاظ یا نئے الفاظ کے فلیش کارڈز تیار رکھیں گے۔ یا LED پر الفاظ دکھا کر طلباء سے پڑھوائے جائیں گے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | سبق کی تین باتیں جو اچھی لگی ہوں یاد کر کے آئیں |
| ۶ | | ۳۳ | مشق ا | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیار دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### ساتواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۲ | ۳۳ | مشق ۲-۳ | خالی جگہ بھرنا<br>جملے بنانا | سبق کی مدد سے خالی جگہ بھریں<br>دیے گئے الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں | اگر ہم کسی کی مدد کریں تو اس میں ہمارا کیا فائدہ ہے؟ دو فوائد لکھیے۔ |
| ۲ | | ۳۴ | مشق ۴ | گنتی لکھنا اور یاد کرنا | طلبا کے گروپ بنائے جائیں گے۔ ہر گروپ کو کچھ اشیا دی جائیں گی۔ استاد ایک گروپ کو کہیں گے کہ چھ پنسلیں گن کر الگ کریں۔ اس طرح ہر گروپ کو مختلف گنتی گننے کو دی جائے گی۔ اب استاد بورڈ پر پہلے انگریزی کی گنتی ایک سے دس تک تحریر کرلیں گے۔ اس کے ساتھ ہندسوں میں گنتی بھی استاد خود تحریر کریں گے۔ طلباء کو باری باری کھڑا کر کے گنتی کا تلفظ کرنے کو کہا جائے گا۔ تلفظ کے مطابق ہر لفظ کا ہجہ استاد واضح کرتے جائیں گے اور ان کے حروف الگ الگ حروف جوڑیئے کے انداز میں تحریر کریں گے۔ اب ان حروف کو جب جوڑا جائے گا تو تلفظ کے مطابق گنتی بن جائے گی۔ بعد میں طلبا کو انفرادی طور پر گنتی دہرانے کو کہا جائے گا۔ | گنتی ہندسوں میں یاد کر کے آئیں |
| ۳ | | | مشق ۵ | زمانہ حال اور ماضی کی پہچان | زمانہ حال اور ماضی کا فرق مثالوں سے سمجھائیں اور دی گئی مشق کروائیں کتاب کے علاوہ مزید جملے بھی بنوائیں | گنتی لفظوں میں یاد کر کے آئیں |
| ۴ | | | مشق ۶ | مہمل الفاظ کی پہچان | دی گئی ہدایات سمجھائیں اور مشق کروائیں۔ | چار نئے مہمل الفاظ لکھ کر اور یاد کر کے آئیں |
| ۵ | | ۳۳ | نئے الفاظ | نئے الفاظ کی پہچان | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں | |
| ۶ | | ۶۱ | فرہنگ | نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں | |

## معیاد دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### آٹھواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۲ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۳ | ۱۳ | ۳۵ | وقت کا گھوڑا | وقت کی اہمیت سے آگاہ کرنا | طلبہ میں انفرادی طور پر ایک ایک ورک شیٹ تقسیم کریں۔اس ورک شیٹ میں کچھ اوقات لکھے ہوں گے مثلاً:<br>صبح ۶ بجے: صبح ۷ بجے: صبح ۱۱ بجے: دوپہر دو بجے: شام ۴ بجے شام ۷ بجے رات ۱۰ بجے<br>( گھڑیاں بھی بنائی جا سکتی ہیں ) ان کے علاوہ کچھ اور اوقات بھی لکھے جا سکتے ہیں۔طلبہ سے کہا جائے گا کہ وہ ان اوقات کو دیکھ کر بتائیں کہ وہ ان اوقات میں کیا کام کرتے ہیں۔ورک شیٹ میں بھی طلبہ کو ممکنہ جوابات لکھ کر دیئے جائیں تا کہ طلبہ کسی ایک کو منتخب کر کے اس خانے میں لکھیں۔ ) | |
| ۴ | | | | نظم کی تشریح | استاد نظم کے ایک ایک شعر کو با آواز بلند پڑھے اور اس کی تشریح سمجھائے۔طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | نظم کو زبانی یاد کریں |
| ۵ | | | | نظم کو زبانی یاد کروانا | استاد بچوں سے نظم کی بلند خوانی کروائے تا کہ نظم ان کو زبانی یاد ہو جائے۔ | |
| ۶ | | ۳۶ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | مشق ۲ کر کے لائیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

# معیار دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## نواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۲ | | سرگرمی | کام کو وقت پر کرنے کی عادت بنانا | کوئی ایسا کام بتایئے جو آپ نے وقت پر نہ کیا ہو اور آپ کو اپنی امی سے یا کسی اور سے ڈانٹ پڑی ہو؟ تمام طلبہ اپنے جوڑی دار کو اس طرح کے واقعات سنائیں گے۔ یعنی طلبہ کو جوڑی میں بٹھایا جائے گا۔ | ایک پورے دن کا شیڈول بنایئے جس میں ہر کام کے لیے وقت مقرر کیا گیا ہو۔ یعنی کس وقت کیا کام کرنا ہے؟ اور اس کے مطابق اپنا کام کریں۔ تاکہ آپ کو اپنا کام وقت پر کرنے کی عادت ہو۔ |
| ۲ | | ۳۶ | مشق ۳ | مصرعے مکمل کرنا | نظم کی مدد سے دیے گئے مصرعے مکمل کریں | مشق ۴ کر کے لائیں |
| ۳ | | ۳۵ | نئے الفاظ | نئے الفاظ کی پہچان | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں | |
| ۴ | | ۶۱ | فرہنگ | نئے الفاظ کے معنیٰ یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۵ | ۱۴ | ۳۷۔۳۸ | قومی کھیل | قومی کھیل ہاکی کے بارے میں جاننا | طلبہ کو مختلف کھیلوں کی چند تصاویر دکھائیں گی اور طلبہ ان کھیلوں کے نام پوچھیں گی۔ کھیلوں میں استعمال ہونے والی چیزوں کی تصاویر بھی دکھائی جا سکتی ہیں، کمپیوٹر یا ملٹی میڈیا پر بھی دکھائی جا سکتی ہیں۔ یا کھیلوں کا سامان بھی دکھایا جا سکتا ہے مثلاً ہاکی۔ بلا۔ بال۔ فٹ بال وغیرہ بچوں کو دکھائی جا سکتی ہے | |
| ۶ | | | | بلند خوانی | استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

# معیارِ دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## دسواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۴ | ۳۷-۳۸ | قومی کھیل | سبق کی پڑھائی | اس سبق میں دو کردار ہیں امی اور علی ۔معلّمہ کسی ایسے بچے کو جو اچھا پڑھ سکتا ہو اس کو علی کے مکالمے ادا کروائیں گی اور خود امی کے مکالمے ادا کریں گی ۔اس طرح سبق کی پڑھائی عمل میں لائی جائے گی ۔ جہاں ضرورت ہو وہاں سمجھائیں گی ۔ بچوں سے کہا جائے گا کہ وہ اہم نکات خط کشید کریں | سبق پڑھیے اور ہاکی کے کھیل کے بارے میں پانچ جملے لکھیے :تصویر بھی بنائیے |
| ۲ | | ۳۸ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | مشق ۲-۳ کر کے لائیں |
| ۳ | | | سرگرمی | مختلف کھیلوں سے آگاہی | طلبہ کو انفرادی طور پر ایک ایک چھوٹا پرچہ یا ایک ایک کمپیوٹر پیپر دیا جائے گا اور ان سے کہا جائے گا کہ وہ اپنے پسندیدہ کھیل کے بارے میں دو سے تین جملے لکھیں اور اس کھیل کو تصویر سے واضح کریں ۔طلبہ کا یہ کام سوفٹ بورڈ پر بھی لگایا جائے گا۔ | مشق ۴ -۵ کر کے لائیں |
| ۴ | | | مشق ۶ | حروفِ تہجی کی ترتیب کی یاد دہانی | کتاب میں اس کی تفصیل درج ہے ۔طلبہ کو حروفِ تہجی کی دہرائی کروائی جائے ۔ایک بچے سے شروع کروائی جائے اور باری باری ہر بچہ حروفِ تہجی ترتیب وار بولتا جائے ۔مثلاً **الف**۔ دوسرا بچہ **ب** تیسرا **پ** اس طرح آگے بڑھتے جائیں ۔ایک چین کی طرح ۔ جہاں طلبہ کو مشکل ہو وہاں معلّمہ رہنمائی کریں۔ایک چارٹ پیپر پر بڑے حروف میں حروفِ تہجی لکھ کر سوفٹ بورڈ پر لگا دی جائے ۔ | |
| ۵ | | ۳۸ | نئے الفاظ | نئے الفاظ کی پہچان | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں | |
| ۶ | | ۶۱ | فرہنگ | نئے الفاظ کے معنیٰ یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیار دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### گیارھواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۵ | ۴۱_۴۲ | کتابیں ہماری دوست | کتاب کی ضرورت واہمیت کو سمجھنا | استاد اپنے ہاتھ میں اردو کی کتاب پکڑ کر طلبہ سے پوچھیں گی کہ یہ کیا ہے؟ طلبہ جواب گے کہ۔ پھر پوچھیں گی کہ اور کون کون سی کتابیں ہوتی ہیں؟ آپ کو کون سی کتاب پڑھنے کا شوق ہے؟ کیا آپ اپنی کتابوں کو اچھی طرح رکھتے ہیں؟ ان پر کوئی نشان وغیرہ تو نہیں لگاتے جس سے وہ گندی ہو جائیں؟ کتاب ہمارے لیے کیوں ضروری ہے؟ وغیرہ وغیرہ | |
| ۲ | | | | بلند خوانی اور سبق کی پڑھائی | استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے۔ جماعت میں سے دو بچوں کا انتخاب کیا جائے چونکہ اس سبق میں دو بچے ہیں جو آپس میں گفتگو کر رہے ہیں ایک بچہ قاسم کے ور دوسرا بچہ علی کے مکالمے ادا کرے گا۔ اس طرح اس سبق کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ بچوں سے کہا جائے گا کہ وہ اہم نکات خط کشید کریں | |
| ۳ | | ۴۲ _ ۴۳ | مشق ۱_۲ | سوالات کے جوابات<br>صحیح اور غلط جملے کی پہچان | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں۔<br>دیے گئے جملوں پر صحیح اور غلط کے نشان لگائیں | مشق ۳، ۴ کر کے لائیں |
| ۴_۵ | | ۴۴ | مشق ۵_۶ | فقرہ کی پہچان | طلبہ میں فقروں کے فلیش کارڈز تقسیم کیے جائیں گیا وران سے اپنے فقرے کو با آواز بلند پڑھنے کے لیے کہا جائے۔ پھر ایک بچہ اپنا فقرہ پڑھا اور باقی بچے اپنے فقرات پر نظر رکھیں۔ استاد پوچھے کہ اس کے ساتھ کون سا فقرہ جوڑا جائے کسی ایک بچے کے پاس اس فقرے کی مناسبت سے دوسرا فقرہ ہوگا۔ پس وہ کھڑا ہو کر بتائے گا۔ استاد ان دونوں فقرات کے فلیش کارڈز کو کسی چارٹ پیپر پر لگائیں اور بتائیں گی کہ جب یہ الگ الگ تھے تو یہ فقرے تھے اور اپنے پورے معنی نہیں دے رہے تھے اب یہ ایک مکمل جملہ بن چکے ہیں اور معنی بھی سمجھ آ رہے ہیں۔<br>دی مشق گئی مشقیں کروائیں۔ | کیا آپ اپنی کتابوں کا خیال رکھتے ہیں؟ کس طرح؟ تین جملے لکھیے |
| ۶ | | | سرگرمی | | طلبہ کو انفرادی طور پر ایک کام کروایا جائے گا اور یہ سوال تختہ تحریر پر لکھا جائے گا۔ ''اسکول کی کتابوں میں آپ کو کون سی کتاب پسند ہے؟ اس کی تصویر بنایئے اور اس کی تعریف میں دو جملے لکھیے : | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں | |

## معیار دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### بارہواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۲ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۳ | ۱۵ | ۴۴<br>۴۲ | مشق ۷<br>نئے الفاظ | فقرے مکمل کرنا<br>نئے الفاظ کی پہچان | سبق کی مدد سے دیے گئے فقروں کو مکمل کریں<br>بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں | |
| ۴ | | ۶۱ | فرہنگ | نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ کے معنی پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۵ | ۱۶ | ۴۵ | میجر عزیز بھٹی | میجر عزیز بھٹی کے کارنامے، انعامات اور اعزازات سے واقفیت<br>بلند خوانی | میجر عزیز بھٹی کی تصویر کا پوسٹر لگائیں اور بچوں سے کچھ سوالات کریں۔ مثلاً پوچھیں یہ کس کی تصویر ہے یا یہ کون ہیں بچے جواب دیں گے فوجی۔ پھر پوچھیں گی کہ آپ میں سے فوجی کون بننا چاہتا ہے؟ کیوں بننا چاہتا ہے وغیرہ۔<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | |
| ۶ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | آپ کو فوجیوں کی کیا بات اچھی لگتی ہے؟ تین جملے لکھیے |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیار دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### تیرھواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس ر سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۶ | ۴۶ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | مشق ۲ کر کے لائیں |
| ۲ | | | سرگرمی | نشان حیدر حاصل کرنے والے شہداء سے واقفیت | میجر عزیز بھٹی کے علاوہ جن سپاہیوں کو نشان حیدر دیا گیا ہے ان کی تصاویر دکھائی جا سکتی ہیں اور ان کے نام اور ان کے بارے میں دو دو جملے معلّمہ بچوں کو خود بتا سکتی ہیں۔ | |
| ۳ | | ۴۶ | مشق ۳ | الفاظ کی ضد | ایک چارٹ پیپر پر تمام الفاظ لکھے جائیں اور ان کی ضد پرچیوں پر لکھ کر طلبہ کو دی جائے۔ جس بچے کے پاس جس لفظ کی ضد آئے گی وہ اپنی پرچی اس چارٹ پیپر پر لکھے یا لفظ کے آگے چپکائے گا۔ | مشق ۱ سوالات کے جوابات یاد کریں |
| ۴ | | ۴۷ | مشق ۴ | جملے بنانا | دیے گئے الفاظ کے جملے بنائیں | میجر عزیز بھٹی پر پانچ جملے یاد کر کے آئیں۔ یہ کتاب کے علاوہ ہوں |
| ۵ | | | سرگرمی | پیراگراف لکھنا | میجر عزیز بھٹی پر پانچ سطروں پر مشتمل پیراگراف لکھیے: تصویر بھی لگائیے | |
| ۶ | | | سرگرمی | سبق کی مزید جانچ | سبق کے اختتام پر طلبہ سے چند سوالات کیے جائیں گے مثلاً:<br>۱۔ میجر عزیز بھٹی کب پیدا ہوئے؟<br>۲۔ بی۔ آر۔ بی کیا چیز تھی؟<br>۳۔ دشمن نہر پار کرنے میں کیوں کامیاب نہ ہو سکا؟<br>۴۔ میجر عزیز بھٹی کب اور کیسے شہید ہوئے؟ | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں | |

# معیارِ دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## چودھواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۶ | ۴۵ | نئے الفاظ | نئے الفاظ کی پہچان | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں | |
| ۲ | | ۶۱ | فرہنگ | نئے الفاظ کے معنیٰ یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۳ | ۱۷ | ۵۲_۵۴ | جانوروں پر رحم | جانوروں کے حقوق سے آگاہی حاصل کرنا | چند سوالات کیے جائیں گے مثلاً پالتو جانور کون سے ہوتے ہیں؟ کیا آپ نے کوئی جانور پالا ہوا ہے؟ آپ اس کی دیکھ بھال کس طرح کرتے ہیں؟ کون کون سے جانور آپ کو پسند ہیں اور کیوں؟ بقرعید کے موقع پر قربانی کے جانوروں کی کون کون دیکھ بھال کرتا ہے؟ کون ان کا خیال رکھتا ہے؟ ان کے کھانے پینے کا دھیان رکھتا ہے؟ ان سے پیار کرتا ہے؟ | |
| ۴ | | | | بلند خوانی | استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | |
| ۵ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | کسی پالتو جانور پر کوئی نظم یاد کر کے آئیں |
| ۶ | | | سرگرمی | نئے الفاظ سیکھنا | نئے الفاظ کی مشق کے لیے یہ سرگرمی کروائی جا سکتی ہے۔ بورڈ پر تین دائرے (اندرونی دائرہ، درمیانی دائرہ، بیرونی دائرہ) بنائیں۔ اب جتنے نئے الفاظ سکھائے ہیں ان دائروں میں تحریر کیجیے۔ جیسا کہ ذیل میں تحریر ہے۔ دائروں میں ایسے حروف لکھیں جو آسان ترین ہیں۔ اب بچوں کو مناسب فاصلے سے گیند کی مدد سے ان دائروں میں تحریر حروف کو نشانہ بنانے کو کہیں۔ جس حرف پر نشانہ لگے گا طلبہ اس حرف کو پڑھیں گے۔ درست پڑھنے والے بچے کو نمبر دیے جائیں گے۔ | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیارِ دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### پندرھواں ہفتہ

| گھر کا کام | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | تدریسی مقصد | عنوان | صفحہ نمبر | سبق نمبر | پیریڈ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | سوالات کے جوابات | مشق ۱ | ۵۴ | ۱۷ | ۱ |
| کوئی ایسا واقعہ یاد کر کے آئیں جب آپ نے کسی جانور کے ساتھ اچھا سلوک کیا ہو؟ | سبق کی مدد سے خالی جگہ بھریں<br>صحیح اور غلط جملوں پر نشان لگائیں | خالی جگہ بھرنا<br>صحیح غلط جملے | مشق ۲-۳ | ۵۴-۵۶ | | ۲ |
| | دی گئی قواعد مثالوں سے سمجھائیں اور مشق کروائیں | زمانے کی پہچان | مشق ۴ | ۵۵ | | ۳ |
| | طلبہ کو چند پرچیاں یا فلیش کارڈز تقسیم کریں کسی پرچی یا کارڈ میں فاعل لکھا ہو، کسی میں فعل اور کسی میں مفعول لکھا ہو۔ طلبہ سے اپنے اپنے کارڈز کو پڑھیں اور دوسرے بچوں کے کارڈز کے ساتھ ملا کر ایک مکمل جملہ بنائیں استاد ان کی مدد کریں جب بچے کارڈز ملا لیں تو معلّمہ ان جملوں کو تختۂ تحریر پر لکھیں اور بچوں کو فعل فاعل اور مفعول کا فرق بتائیں۔ طلبہ سے پوچھا جائے گا اب اپنے اپنے کارڈز دیکھ کر بتائیں کہ کس کے پاس فعل ہے، کس کے پاس فاعل اور کس کے پاس مفعول ہے۔ اس سے طلبہ کو اچھی طرح اندازہ ہو جائے گا۔ دی گئی مشق کروائیں | | مشق ۵ | ۵۶ | | ۴ |
| | دیے گئے الفاظ کو خوش خط لکھیے | خوش خطی | مشق ۶ | | | ۵ |
| | سبق کے اختتام پر طلبہ سے چند سوالات کئے جائیں گے مثلاً:<br>۱۔ سبکتگین کس کے ساتھ شکار کھیلنے گیا؟ ۲۔ سبکتگین کو ہرنی پر رحم کیوں آیا؟<br>۳۔ سبکتگین نے محمود کو کیسے سمجھایا؟ ۴۔ ہرنی کی حالت کیسی تھی؟ | سبق کی مزید جانچ | سرگرمی | | | ۶ |
| | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں | | انشاء پردازی | | | ۷ |

# معیار دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## سولہواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۲ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۳ | ۱۷ | ۵۳ | نئے لفاظ | نئے الفاظ کی پہچان | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں | |
| ۴ | | ۶۱ | فرہنگ | نئے الفاظ کے معنیٰ یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ کے معنیٰ پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| | ۱۸ | ۵۷ | بچے کی دعا | اپنی زندگی کے مقصد سے آشنا ہونا | بچوں کو اس دعا کی آڈیو سنائی جائے اور پھر طلبہ سے چند سوالات کریں گی مثلاً ہم دعا اور کیوں مانگتے ہیں؟ دعا مانگنے کا طریقہ کیا ہے؟ کیا آپ دعا مانگتے ہیں؟ زیادہ تر کیا دعا مانگتے ہیں؟ کبھی اپنے علاوہ کسی اور کے لیے دعا کی؟ کون سی ایسی دعا ہے جو آپ نے مانگی ہو اور وہ فوراً قبول ہو گئی ہو | |
| ۵ | | | | نظم کی تشریح | استاد نظم کے ایک ایک شعر کو با آواز بلند پڑھے اور اس کی تشریح سمجھائے۔ طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔۔ | |
| ۶ | | | | نظم کو زبانی یاد کروانا | استاد بچوں سے نظم کی بلند خوانی کروائے تا کہ نظم ان کو زبانی یاد ہو جائے۔ درست تلفظ، تاثرات اور جذبے کے ساتھ نظم پڑھیے | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاردوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### سترہواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۸ | ۵۸ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | مشق ۲ گھر سے کے کر لائیں |
| ۲ | | | مشق ۳ | جمع بنانا | 'یں' لگا کر دیے گئے الفاظ کی جمع بنائیں | آپ کو اس دعا کا سب سے اچھا شعر کون سا لگا اور کیوں؟ |
| ۳ | | ۵۹ | مشق ۴۔۵ | سوالیہ جملوں کی پہچان<br>جملوں کی ترتیب | دیے گئے جملوں کو سوالیہ جملوں میں تبدیل کریں<br>بے ترتیب جملوں کو ترتیب دے کر لکھیں | |
| ۴ | | | سرگرمی | ٹیبلو کرنا | طلبہ کے چار چار یا پانچ پانچ کے گروپ بنوائے جائیں اور طلبہ سے اس دعا پر ٹیبلو کروایا جائے ہر گروپ اپنے حساب سے اس ٹیبلو کی تیاری کرے گا۔نظم کی آڈیو بجائی جائے گی اور ہر گروپ اس آڈیو پر ٹیبلو پیش کرے گا | |
| ۵ | | ۵۸ | نئے الفاظ | نئے الفاظ کی پہچان | بچوں کو نئے الفاظ یاد کروا کر ان کا املا کروائیں | |
| ۶ | | ۶۱ | فرہنگ | نئے الفاظ کے معنی یاد کروانا | بچوں کو نئے الفاظ کے معنی پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں | |

## معیاردوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### اٹھارواں،انیسواں ہفتہ

| عنوانات | مقاصد تدریس | طریقہ تدریس |
|---|---|---|
| اعادہ | امتحان کی تیاری | ورک شیٹس بنا کر اعادہ کروائیں |